روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
# الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com
سوموار 27 جون 2016ء 21 رمضان 1437 ہجری 27 احسان 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 146

## ہزار راتوں سے بہتر

حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے شعبان کے آخری دن خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

اے لوگوتم پر ایک بہت عظیم مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے۔ یہ مبارک مہینہ ہے۔اس مہینہ میں وہ رات آتی ہے جو ہزار راتوں سے بہتر ہے۔

(مشکوٰۃ کتاب الصوم)

## ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول

شریعت (۔) میں تمام اوقات عبادت اور ازمنہ روحانیت کو ایک دور کے ساتھ قائم کیا ہے جس طرح پر جسمانیات اور زمانیات میں بھی یہ دور مشاہدہ ہو رہا ہے۔ دیکھو فصل بہار کو کہ ہر ایک سال دورہ کرتی رہتی ہے اور نظر کرو تمام ثمار اور غلہ جات وغیرہ کو کہ اپنے اپنے وقت پیداوار پر دورہ کرتے رہتے ہیں اور غذائے انسان وحیوانات ہوتے ہیں۔اسی طرح پر نظام روحانی کا انتظام منجانب اللہ فرمایا گیا ہے۔ دیکھو ایک ہفتہ ہی کو کہ یوم جمعہ ہمیشہ دورہ کرتا رہتا ہے جس کی برکات سے مومنین کا ایمان تازہ ہوتا ہے اور ہفتہ بھر کی خطیات کا کفارہ ہو جاتا ہے۔ پھر دیکھو رمضان شریف اور موسم حج کو اور لیلۃ القدر وغیرہ کو کہ ہر سال ایک مرتبہ ان کا دورہ ہو جاتا ہے۔ یہ کیوں؟ اسی لئے کہ مومنین کا ایمان ان کی برکات سے تازہ ہوتا رہے اور تجلیات الٰہیہ کا ورود جن میں مکالمات الٰہیہ ہیں، مومن متبع پر ہوتا رہے............ یہ شمس وقمر کا دورہ رمضان شریف کے ساتھ بڑی مناسبتیں رکھتا ہے۔یعنی جس طرح پر رمضان شریف میں ایک قسم کی نفس کشی بسبب امساک کے اکل وشرب سے اور جماع سے کی جاتی ہے اسی طرح پر اس دور قمر میں مومنین متبعین کو کسی قدر صعوبتیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ بلکہ بعض متبعین کو ترک اکل وشرب و جماع کا بھی تائید (دین) اور تبلیغ دین حق کے لئے کرنا پڑا ہے کہ اکثر جگہ پر ازواج میں باہم تفریق واقع ہوگئی اور مخالفین اکثر مخلصین کے اکل وشرب میں بھی حارج ہوئی۔ دوسری مناسبت رمضان کو اس دور قمر کے ساتھ یہ ہے کہ جو معارف قرآنی بذریعہ اس شمس وقمر کے دنیا پر منکشف ہوئے وہ پچھلی صدیوں میں نازل نہیں ہوئے تھے اور رمضان کی خصوصیات سے ضروری ہے کہ ھدی للناس ............(البقرہ:186) کا نزول ضرور ہو۔ یہ تینوں امور نزول قرآن مجید کے لئے اس لئے ضروری ہیں کہ ایک تو ہدایت عام ہوتی ہے تمام آدمیوں کے لئے۔ دوسرے اس ہدایت کے دلائل قطعیہ اور شواہد یقینیہ کا ہونا بھی ضروری ہے۔............ تیسرے اس ہدایت عامہ کے لئے الفرقان ہونا چاہئے۔

(روزنامہ الفضل 30۔اگست 2010ء)

## مکرم ڈاکٹر خلیق احمد صاحب کراچی کے کوائف اور خدمات دینیہ

احباب جماعت کو قبل ازیں یہ افسوسناک اطلاع دی جاچکی ہے کہ مکرم ڈاکٹر خلیق احمد صاحب کراچی کو مورخہ 20 جون 2016ء کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے راہ مولیٰ میں قربان کردیا ہے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مورخہ 22 جون کو بعد نماز عصر محترم سید خالد احمد شاہ صاحب قائمقام ناظر اعلیٰ نے بیت مبارک ربوہ میں پڑھائی اور قبرستان عام میں تدفین کے بعد محترم شاہ صاحب موصوف نے ہی دعا کروائی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 24 جون 2016ء میں شہید مرحوم کے کوائف بیان فرمائے۔ ان کا خلاصہ یہ ہے۔

شہید مرحوم کے خاندان میں احمدیت کا نفوذ ان کے دادا مکرم اللہ بخش صاحب آف امرتسر کے ذریعہ ہوا۔ ان کا خاندان امرتسر سے پہلے گوکھووال اور پھر رحیم یار خان میں آباد ہوا۔ پھر شہداد پور ضلع سانگھڑ میں منتقل ہوگیا۔ مرحوم شہداد پور کے ایک گاؤں احمد آباد میں 1967ء کو پیدا ہوئے۔ ایف اے تک تعلیم حاصل کی اور پھر 1988ء میں کراچی شفٹ ہوگئے۔ یہاں میڈیکل کا ڈپلومہ کیا۔ ایک پرائیویٹ لیبارٹری میں ریڈیوگرافک ٹیکنیشن کے طور پر کام شروع کیا۔ ساتھ ہی شام کے وقت اپنے پرائیویٹ کلینک پر میڈیکل پریکٹس شروع کی۔ بعد میں مکمل طور پر کلینک پر بیٹھنا شروع کردیا۔

شہید مرحوم نماز باجماعت کے پابند تھے۔ انتہائی ہمدرد انسان تھے۔ نوافل ادا کرنے والے عبادات میں بڑھے ہوئے تھے۔ مستحقین کا بغیر معاوضہ علاج کرتے تھے۔ بعض غیر از جماعت مریض کہتے تھے کہ آپ قادیانی ہیں آپ سے دوا لینے کو دل تو نہیں کرتا۔ لیکن کیا کریں بچوں کو شفا بھی آپ کی دوائی سے آتی ہے۔ آپ اللہ کے فضل

باقی صفحہ 8 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............ مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 6 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ

# خطبات امام وقت

## سوال و جواب کی شکل میں

### خطبہ جمعہ 27 مئی 2016ء

س: 27 مئی کے حوالہ سے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! آج 27 مئی ہے اور جیسا کہ ہر احمدی جانتا ہے اس دن جماعت احمدیہ میں حضرت مسیح موعود کے وصال کے بعد خلافت کا آغاز ہوا اور اس کی مناسبت سے جماعت میں یہ دن یوم خلافت کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے وعدے، آنحضرتؐ کی پیشگوئی اور حضرت مسیح موعود کی قدرت ثانیہ کے متعلق دی ہوئی خوشخبری پر ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بکھرنے سے بچالیا ہمیں ایک لڑی میں پرودیا اور اس حوالے سے ہم یہ عہد بھی کرتے ہیں کہ ہم خلافت احمدیہ کے قیام اور ہمیشہ جاری رکھنے کیلئے ہر قسم کی قربانی کیلئے بھی تیار رہیں گے۔

س: حضرت مسیح موعود نے جماعت کی ترقی کی بابت کیا فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کر دے گا تم خدا کے ہاتھ کا ایک بیج ہو جو زمین میں بویا گیا۔ خدا فرماتا ہے یہ بیج بڑھے گا اور پھولے گا اور ہر ایک طرف اس کی شاخیں نکلیں گی اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا۔

س: صحافیوں کے سوال پر کہ آپ کے مقاصد کیا ہیں حضور انور نے کیا جواب دیا؟

ج: فرمایا! گزشتہ دنوں میں Scandinavian ممالک کے دورے پر تھا تو وہاں بعض اخباری نمائندوں نے اور دوسرے پڑھے لکھے لوگوں نے بھی یہ سوال پوچھا کہ تمہارے مقاصد کیا ہیں۔ میں ان کو یہی بتاتا رہا کہ خلافت احمدیہ اور جماعت احمدیہ کے مقاصد وہی ہیں جس کو حاصل کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو بھیجا تھا اور وہ یہی ہیں کہ بندے کو خدا تعالیٰ کے قریب کرنے کیلئے پوری کوشش کرنا اور بنی نوع انسان کے حق ادا کرنا۔ اس سے زیادہ ہمارا کوئی مقصد نہیں ہے۔ حضرت مسیح موعود کا شعر ہے۔

مجھ کو کیا ملکوں سے میرا ملک ہے سب سے جدا
مجھ کو کیا تاجوں سے میرا تاج ہے رضوان یار

س: تقریب میں آئے ناکسکو شہر کے مہمانوں نے واپس جاتے ہوئے آپس میں کیا تبصرے کئے؟

ج: فرمایا! ناکسکو سے لوگ آئے تھے جب وہ تقریب کے بعد واپس جا رہے تھے تو ایک مہمان نے لکھا کہ ہم آپ کا ہزاروں بار شکریہ ادا کرتے ہیں یہ کانفرنس زندگی بھر کے لئے ایک یادگار لمحہ کے طور پر ہمیشہ یاد رہے گی۔ ہر ایک اس بات سے متفق تھا کہ ہم نے ایک بہت اچھا دن گزارہ ہے اور ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملا ہے۔ ایک صحافی نے کہا کہ خلیفہ کی تقریر نے مجھے سوچنے پر مجبور کر دیا ہے خاص طور پر اس بارے میں کہ دین حق کی تصویر جو میڈیا میں دکھائی جاتی ہے وہ حقیقت سے بہت مختلف ہے۔

س: ڈنمارک کے چند دانشوروں کے تاثرات بیان کریں؟

ج: فرمایا! ناکسکو کی کونسل کے ایک ممبر کہتے ہیں کہ خلیفہ کی تقریر بہت اثر رکھتی تھی مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ لاکھوں احمدی بغیر کسی خوف کے محض دنیا میں امن کے قیام کی خاطر ایک روشن مینار کی طرح کھڑے ہیں۔ ایک مہمان نے کہا کہ یہ ایشو (issue) ایسا ہے جو ہمارے لئے بڑا حساس ہے کہ خاکوں پر بات کی جائے لیکن جس طریقے سے سمجھایا ہے ہمیں بڑی اچھی طرح سمجھ آ گئی ہے۔ ایک مہمان نے کہا کہ اب میں نے دین حق کو بہتر سمجھنے کیلئے ایک قرآن کریم بھی منگوایا ہے میں قرآن کریم بھی پڑھوں گا۔

س: حضور انور کے خطاب میں موجود خواتین نے اپنے تاثرات کا اظہار کیسے کیا؟

ج: فرمایا! ایک مہمان خاتون اپنے جذبات کا اظہار کرتی ہیں کہ یہ باتیں سوچنے پر مجبور کر دینے والی تھیں لیکن ایک لحاظ سے پریشان کن بھی تھیں کیونکہ انہوں نے مستقبل میں جنگ کے بارے میں ایک بہت سنگین تصویر کھینچی۔ پھر ایک صاحبہ نے ڈینش مہمان تھیں کہا کہ آج سے پہلے میں دین حق کے بارے میں منفی باتیں ہی جانتی تھی مگر آج میں نے جو سنا وہ اچھا اور محبت سے بھرا ہوا پیغام تھا۔

س: حضور انور کے خطاب پر ایک ڈینش مہمان نے کیا تبصرہ کیا؟

ج: پھر ایک ڈینش مہمان کہنے لگے کہ خلیفہ نے اپنے خطاب میں قرآن کے حوالے دیئے اس سے پتا چلتا ہے کہ ان کے الفاظ خود ساختہ نہیں بلکہ حقیقت پر مبنی تھے۔ ان باتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ دین حق مغربی اقدار کے خلاف نہیں ہے کیونکہ امن، رواداری اور دوسرے کی عزت کرنا مشترکہ اقدار ہیں۔

س: ہیومنسٹ سوسائٹی کی ایک خاتون اور ایک ڈینش خاتون نے اپنے تاثرات کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

ج: فرمایا! پھر ہیومنسٹ سوسائٹی سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کہتی ہیں۔ پر امن پیغام کے بارے میں لوگوں کو بہت کم معلومات ہیں میڈیا صرف بری چیزوں کو سامنے لاتا ہے اور اچھی چیزوں کے بارے میں کچھ نہیں بتاتا۔ ڈنمارک کا سارا میڈیا آج یہاں موجود ہونا چاہئے تھا اور میں اپنے ملک کے لوگوں کے اس رویے سے بہت مایوس ہوئی ہوں۔ پھر ایک ڈینش خاتون ہیں کہنے لگیں مجھے دین حق کے بارے میں کچھ نہیں پتا تھا مگر آج میں نے بہت کچھ سیکھا اور میں خوش ہوں کہ اس لحاظ سے آپ کے خلیفہ میرے استاد ہیں۔ پھر کہا میرے شوہر مجھے آج صبح یہاں آنے سے منع کر رہے تھے کیونکہ انہیں لگ رہا تھا کہ وہاں کوئی حملہ ہو جائے گا یا کوئی خودکش حملہ ہو جائے گا مگر میں نے انہیں آنے پر مجبور کیا کیونکہ میں متجسس تھی اور اب وہ خوش ہیں کہ وہ بھی آ گئے۔

س: امریکن ایمبیسی کے نمائندہ نے کیا تبصرہ کیا؟

ج: فرمایا! امریکن ایمبیسی کا نمائندہ کہنے لگے کہ خلیفہ نے دین حق کا حقیقی چہرہ دکھایا۔ میں ایمبیسیڈر کو تمام نکات بتاؤں گا جن کا خلیفہ نے ذکر کیا ہے۔ یعنی آزادی رائے اور یہ کہ آجکل لوگوں کو آپس میں اکٹھا ہونے کی ضرورت ہے۔

س: ایک عیسائی پریسٹ خاتون نے کن الفاظ میں اپنے خیالات کا اظہار کیا؟

ج: فرمایا! ایک خاتون جو عیسائی پریسٹ ہیں ہسپتال میں کام کرتی ہیں کہنے لگی۔ انہوں نے ہمیں بیت الذکر کے مقاصد کے بارے میں بتایا اور انہوں نے بتایا کہ دین حق انسانیت کی خدمت کا مذہب ہے۔ ان کی تقریر کا بہترین حصہ یہ تھا کہ انہوں نے کہا کہ انسانیت کو اپنے خالق کو پہنچانا ہوگا اور خدا پر پختہ یقین رکھنا چاہئے یہی میرا بھی نظریہ ہے۔

س: بیت الذکر کے اخراجات کی بابت ایک صحافی نے کیا کہا؟

ج: فرمایا! ایک صحافی نے کہا بڑی حیرت ہے کہ اس بیت الذکر کے اخراجات جماعت کے لوگوں نے اپنی جیب سے ادا کئے۔ یہ بات میرے لئے نہایت حیرت کا باعث تھی کیونکہ یہ کوئی معمولی رقم نہیں تھی بلکہ تیس ملین کرونز کی بات ہے۔

س: ایک مہمان مائیکل اور حسین عبداللہ نے حضور انور کے خطاب پر اپنے خیالات کا اظہار کیسے کیا؟

ج: فرمایا! ایک دوست مائیکل جن کے والدین پولش ہیں سویڈن میں رہتے ہیں کہنے لگے کہ تقریر ہر لحاظ سے مکمل تھی اس میں امن اور ایک دوسرے کے مدد کرنے کا پیغام تھا اور افریقہ کا ذکر کیا انہوں نے کیا سکول اور دوسری سہولیات مہیا جو کی جا رہی ہیں افریقہ میں۔ کہنے لگا کہ میں خدا پر یقین رکھتا ہوں مگر یہاں پر اکثر لوگ عموماً نہیں رکھتے اس لئے میں بہت فخر محسوس کر رہا ہوں کہ ایسا شخص سویڈن آیا جو خدا پر اور ایک خالق پر پختہ یقین رکھتا ہے۔ پھر ایک مہمان مسلمان تھے حسین عبداللہ صاحب یوگوسلاویہ سے۔ کہنے لگے کہ خلیفہ کے الفاظ نے مجھے چھو لیا ہے اور میں ان کی ہر بات سے اتفاق کرتا ہوں۔ میں جماعت احمدیہ پر فخر کرتا ہوں۔ لوگوں کے دین حق کے بارے میں غلط تاثرات ہیں اور یہ کوئی آسان کام نہیں ہے کہ ان کو درست کیا جائے مگر خلیفہ اس کام میں سب سے آگے ہیں۔

س: ڈنمارک میں حضور انور کا پیغام کس کس میڈیا کے ذریعہ کتنے لوگوں تک پہنچا؟

ج: فرمایا! ڈنمارک میں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں کوریج ہوئی ہے۔ ڈنمارک کے نیشنل اخبار کرسچن بلادت (جس کے پڑھنے والوں کی تعداد پچاس ہزار ہے) نے ہوٹل پر ہونے والے فنکشن کی خبر دی۔ اسی طرح ریڈیو 24 کی جرنلسٹ انٹرویو کے لئے مشن آئی اور تقریباً پونے گھنٹے کا انٹرویو لیا اور پھر اس کو ڈینش ترجمہ کے ساتھ من وعن شائع کیا سنایا۔ اس ریڈیو کے ایک وقت میں سامعین کی تعداد پچیس سے چالیس ہزار ہے۔ ٹی وی پی آر نے اپنی خبروں میں کورتج دی اس کے سامعین کی تعداد دو ملین ہے۔ اسی طرح دوسرے میڈیا وغیرہ کے ذریعہ کل تقریباً تین ملین افراد تک یہ پیغام دین حق کا پہنچتا رہا یا پہنچا۔

س: سویڈن میں حضور انور کا پیغام اندازاً میڈیا کے ذریعہ کتنے لوگوں تک پہنچا؟

ج: فرمایا! اسی طرح سویڈن میں مختلف اخباروں اور ریڈیو چینل وغیرہ کے ٹی وی چینل کے چھ انٹرویو ہوئے اور نیشنل ٹی وی پر انہوں نے خبریں بھی دیں۔ اس طرح مجموعی طور پر تقریباً آٹھ ملین کے قریب لوگوں تک سویڈن میں بھی پیغام پہنچا۔

س: حقیقی خلافت کیا کام کرتی ہے؟

ج: فرمایا! حقیقی خلافت صرف اپنوں کے خوف کو امن میں نہیں بدلتی بلکہ غیروں کے خوف کو بھی امن میں بدلتی ہے اور اکثر یہی تاثرات جو لوگوں نے بیان کئے ہیں جس کا خلاصہ میں نے بیان کیا ہے کہ ان کی جو خوف کی حالتیں تھیں وہ یہاں ہمارے فنکشنوں پر آ کر امن میں تبدیل ہو گئیں۔

س: حضور انور نے قدرت ثانیہ کے قیام اور اس کے ذریعہ دین حق کی ترقیات کے حوالہ سے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: اللہ تعالیٰ کی تائیدات خلافت احمدیہ کے ساتھ ہیں اور کبھی کم نہیں ہوتیں۔ 108 سال کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے۔ اگر یہ کسی انسان کا کام ہوتا تو کب کا ختم ہو چکا ہوتا۔ پس یہ حضرت مسیح موعود کی جماعت کا قیام اور خلافت کا وعدہ الٰہی وعدہ ہے اور وہی چیز جو حضرت مسیح موعود کے زمانے میں تھی وہ ختم کرنے کی لوگوں نے کوشش کی لیکن ختم نہیں ہوئی وہ آج بھی کوشش کریں گے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے کبھی ختم نہیں کر سکتے اور یہ خلافت اور یہ نظام اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمیشہ جاری رہنے کیلئے ہے۔ اگر ہم اپنے وسائل کو دیکھیں تو اس بات کا تصور بھی نہیں کر سکتے کہ اتنی بڑی تعداد تک دین حق کا پیغام پہنچا سکتے ہیں لیکن جب اللہ تعالیٰ کی تقدیر نے یہ فیصلہ کر لیا ہو کہ اس نے یہ پیغام زمین کے کناروں تک پہنچانا ہے تو پھر ان ترقیات کو کون ہے جو روک سکتا ہے کوئی دنیاوی طاقت روک نہیں سکتی اور اللہ تعالیٰ سے ہمیں یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو ہمیشہ وفا کے ساتھ خلافت احمدیہ کے ساتھ منسلک رکھے۔

س: حضور انور نے نماز جمعہ کے بعد کن افراد کی نماز جنازہ پڑھائی؟

ج: مکرم چوہدری فضل احمد صاحب، مکرم داؤد احمد صاحب کراچی، مکرم مولانا محمد اعظم اکسیر صاحب

مکرم زبیر خلیل خان صاحب

# محترم ڈاکٹر عبدالوہاب بن آدم صاحب کا ذکرِ خیر

محترم ڈاکٹر عبدالوہاب بن آدم صاحب امیر جماعت غانا کے ساتھ خاکسار کا انس اور دلی لگاؤ 1993ء سے ہی شروع ہو گیا تھا۔ ہر سال برطانیہ اور پھر کبھی کبھی جرمنی کے جلسہ پر ملاقات ضرور ہو جایا کرتی تھی۔ ان کی شخصیت میں کچھ ایسی جاذبیت اور کشش تھی کہ وہ جب کبھی اور جہاں بھی نظر آتے خاکسار کی طبیعت خود بخود ان کی طرف کھنچی چلی جاتی اور دعا کی درخواست کے ساتھ مختصر گفتگو کا سلسلہ ضرور ہو جاتا۔

2011ء تا 2013ء اکیڈمی آف میڈیکل سائنس (AMS) جرمنی کی طرف سے تفویض شدہ بعض ذمہ داریوں کی وجہ سے غانا یونیورسٹی میں منعقد ہونے والے ڈینٹل سرجری کورس کی کوآرڈینیشن کے لئے خاکسار کو متعدد بار غانا کا سفر کرنا پڑا۔ غانا کے ڈینٹل سرجنز کی ایمپلانٹالوجی کی فیلڈ میں اعلیٰ تعلیم اور ٹریننگ کے اس منفرد کورس کے لئے خلیفۃ المسیح کی اجازت سے احمدیہ مشن غانا پوری طرح شامل رہا۔ کورس کے انتظامات میں (AMS and AMM Ghana) کی شراکت داری کی وجہ سے مرحوم امیر جماعت غانا کو بہت ہی قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ گزشتہ برس ایک خواب میں خلیفۃ المسیح کو ٹی وی پر ان کے بارہ میں کہتے سنا کہ امیر آف غانا تو ایک نور ہے۔ اس خواب نے ان کی قدر و منزلت کو خاکسار کے دل میں بہت ہی زیادہ بڑھا دیا۔

احمدیہ مشن غانا کے مختلف کوریڈورز تصویری شکل میں محترم ڈاکٹر عبدالوہاب بن آدم صاحب کی نصف صدی پر محیط خدمات سے مزین ہیں۔ ان تصاویر کو دیکھنے والا ایک بار حیران اور ششدر ہو جاتا ہے کہ احمدیہ مشن غانا کے اس نایاب اور بے مثل وجود کو مذہب، امن، انسانیت اور اپنے ملک کی خدمت کی کتنی زیادہ توفیق ملی۔ اگر یہ کہا جائے کہ اس وقت ملک غانا مذہبی رواداری، انسانیت، امن اور بھائی چارہ کے لحاظ سے نہ صرف افریقہ بلکہ دنیا بھر کے لئے ایک ماڈل بن گیا ہے تو یہ ایک سچا بیان ہو گا۔ امریکہ اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کا غانا آنا اور یہاں کی پُرامن سوسائٹی کا مطالعہ اس خیال کو مزید تقویت دیتا ہے۔ ملک غانا کو اس قدر و منزلت تک پہنچانے کے لئے ڈاکٹر وہاب آدم صاحب کا بنیادی کردار شامل ہے۔ ملک میں امن کی خاطر ذاتی جذبات کی قربانی اور انتھک محنت کا ذکر کرتے ہوئے محترمی وہاب آدم صاحب نے خاکسار کو اپنا ایک واقعہ سنایا۔

غانا میں ایسے اہم قومی معاملات جو کہ بے چینی یا بے اطمینانی کا باعث بن سکتے ہوں ان کے تصفیہ کے لئے ایک امن کونسل قائم ہے۔ چند سال قبل ملک میں انتخابات ہوئے۔ انتہائی کم مارجن سے جیتنے والی پارٹی پر اپوزیشن نے دھاندلی کا الزام لگایا۔ سارا ملک بے چینی کا شکار ہونے لگا۔ ملکی دستور کی رو سے معاملہ قومی امن کونسل کے سپرد کر دیا گیا۔ تفصیلی جائزہ کے بعد جب کونسل میں رائے شماری کرائی گئی تو کونسل کے نصف اراکین نے بہت کم مارجن سے جیتنے والی حکومتی پارٹی کو ووٹ دیا اور باقی نصف نے اپوزیشن پارٹی کی تائید کردی۔ محترم وہاب آدم صاحب امن کونسل کے اس اجلاس کی صدارت کر رہے تھے اور ان کے کاسٹنگ ووٹ نے حتمی فیصلہ کرنا تھا۔ اپنے خیالات یا سیاسی سمجھ بوجھ کی بنا پر ان کا رجحان بھی دھاندلی کا الزام لگانے والی اپوزیشن پارٹی کی طرف تھا۔ تاہم انہوں نے اپنا ووٹ کاسٹ کرنے سے قبل کچھ وقت مانگا۔ سارے معاملہ کا از سرِ نو خود گہرائی میں جا کر دوبارہ مطالعہ کیا۔ انشراح صدر کے حصول کے لئے خدا تعالیٰ کے حضور شدید قسم کی دعا مانگی۔ دوبارہ اجلاس شروع ہوا اور انہوں نے اپنے تازہ جائزہ، ضمیر کی آواز اور دعا کے نتیجہ میں حاصل ہونے والے انشراح صدر کی بدولت اپنا ووٹ اپنے سیاسی خیالات کے لحاظ سے مخالف یعنی بہت ہی کم مارجن سے جیتنے والی پارٹی کے حق میں کاسٹ کر دیا۔ خدا تعالیٰ نے اس منصفانہ فیصلہ میں بہت برکت ڈال دی۔ پورے ملک میں بے چینی کی لہر ختم ہو گئی اور حکومت کو کام جاری رکھنے کے لئے درکار مینڈیٹ مل گیا۔

موجودہ برسرِ اقتدار پارٹی کے معاملہ میں بھی غانا کی امن کونسل نے قائدانہ کردار ادا کیا ہے۔ انتخابات کے بعد بے چینی اور بے اطمینانی کا خدشہ ابھرنے لگا تھا۔ امن کونسل جس کے محترمی وہاب آدم صاحب بہت ہی مؤثر اور باعزت رکن تھے انہوں نے اپنے دیگر اراکین کے ہمراہ ٹی وی مذاکرات اور اعلانات کے ذریعہ پوری قوم کو اس بات پر راضی کر لیا کہ سڑکوں پر احتجاج کی سیاست کی بجائے بہتر ہو گا کہ معاملات سپریم کورٹ کو فیصلہ کے لیے دے دیئے جائیں اور اعلیٰ عدالت جو فیصلہ کرے اسے سب قبول کرلیں۔ ان کوششوں کی وجہ سے ایسا ہی ہوا اور ملک میں امن اور شانتی کی فضا قائم ہے۔

محترمی وہاب آدم صاحب کا ملک غانا کے امن کے لئے بے لوث اور منصفانہ کردار بہت ہی قابل احترام سمجھا جاتا ہے۔ ایک دفعہ موجودہ صدر کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب میں محترمی وہاب صاحب بے ہوش ہو کر گر گئے۔ صدر مملکت کے خصوصی احکامات اور انتظامات کے تحت انہیں فوری طور پر ملٹری ہسپتال پہنچایا گیا اور ہسپتال میں قیام کے دوران صدر مملکت از خود ان کی عیادت کے لئے گئے۔

سال 2013ء کے اوائل میں خاکسار جب اے ایم ایس کی ٹیم کے ہمراہ غانا گیا تو علم ہوا کہ محترمی وہاب آدم صاحب کی طبیعت خاصی ناساز ہے۔ بتلانے لگے پیٹ میں درد ہوتا ہے اور بعض اوقات اس درد کی وجہ سے اپنے آپ کو بالکل بے بس سا محسوس کرتے ہیں۔ اکیڈمی کے ڈائریکٹر محترمی ڈاکٹر مظفر باجوہ صاحب اور ساتھ جانے والے گوئٹے یونیورسٹی فرینکفرٹ کے پروفیسرز نے مشورہ دیا کہ محترمی وہاب آدم صاحب جرمنی آجائیں تاکہ ان کا ماڈرن ٹیکنالوجی کی حامل مشینوں سے چیک اپ کرا لیا جائے۔ کچھ عرصہ بعد محترمی وہاب آدم صاحب جرمنی تشریف لے آئے۔

بنیادی چیک اپ کے لئے جرمنی کے انتہائی مخلص احمدی ڈاکٹر محترمی عمر حمید صاحب نے بڑی ہی محبت اور اخلاص کے ساتھ اپنے کلینک میں ان کا تفصیلی چیک اپ کیا۔ تاہم رزلٹ دیکھنے کے بعد ڈاکٹر مظفر باجوہ صاحب اور ڈاکٹر عمر حمید صاحب دونوں ہی پریشان نظر آنے لگے۔ ڈسکشن کے بعد فیصلہ ہوا کہ ان کو سپیشلسٹ کلینک بھجوا کر مزید چیک اپ کرایا جائے۔ اس کلینک میں محترمی وہاب صاحب کا ماڈرن مشینوں کی مدد سے تفصیل کے ساتھ دوبارہ چیک اپ کیا گیا۔ رزلٹ آنے پر ڈاکٹر نے بتلایا کہ ان کو لبلبہ کا کینسر ہے۔ اس مرض کا علاج نہیں ہے اور جس سٹیج پر ان کا مرض ہے وہ زیادہ سے زیادہ چھ ماہ مزید زندہ رہ سکتے ہیں۔ ڈاکٹر کی یہ بات سن کر محترمی وہاب صاحب ہنس کر کہنے لگے میرا ایک خدا بھی ہے اور اس کے علاوہ میرا ایک خلیفہ بھی ہے جو میرے لئے دعائیں کرتا ہے۔ اگر اللہ کی مرضی میری وفات میں ہے تو میں اس پر بھی راضی ہوں۔ ڈاکٹر ان کے توکل علی اللہ، اطمینان قلب اور دعاؤں پر یقین کے بارہ میں سن کر حیران ہو گیا۔ اپنے چیک اپ کے بعد وہ مزید چند دن جرمنی میں رہے۔ دوسری جگہوں کے ساتھ ساتھ جامعہ جرمنی بھی دیکھنے گئے جہاں جامعہ جرمنی کے پرنسپل محترمی شمشاد صاحب نے بڑی محنت کے ساتھ جامعہ کا تفصیلی دورہ کرایا۔ اپنی جان لیوا بیماری کے باوجود اپنے بقیہ قیام جرمنی کے دوران انہوں نے کسی قسم کا تردد یا پریشانی کا اظہار نہیں کیا اور ہر ملنے والے کے ساتھ اسی خندہ پیشانی اور پُرمزاح طبیعت کے ساتھ ملتے رہے۔ بعد ازاں خلیفۃ المسیح کی ہدایات پر لندن تشریف لے گئے۔ لندن کے قیام کے دوران بھی ایک مرتبہ خاکسار ان سے ملنے گیسٹ ہاؤس گیا۔ بڑی خوشی سے ملے اور بہت خاطر تواضع کی۔ لندن میں قیام کے دوران اکثر فون پر بات ہو جاتی۔ بتلانے لگے کہ حضور انور نے ازراہ شفقت ان کی اہلیہ کو بھی لندن بلانے کی اجازت دے دی ہے اور اب وہ اپنی اہلیہ کے ساتھ خوش باش رہ رہے ہیں۔ پھر وہ واپس غانا تشریف لے گئے۔ متعدد بار فون پر بات ہوئی۔ تاہم وفات سے چند ہفتے قبل یہ رابطہ منقطع ہو گیا کہ بیماری شدت اختیار کر گئی تھی اور پھر جماعت احمدیہ اور ملک غانا کا یہ نایاب اور بے مثل وجود اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہو گیا۔ یہ بات کتنی کھری اور سچی ہے کہ اگر انسان تقویٰ، انصاف، بے لوث اور بے غرض ہو کر اپنی زندگی خدا کی رضا اور انسانیت کی فلاح کے لئے وقف کر دے تو اس کی وفات پر نہ صرف دنیا بلکہ ساری کائنات بھی اشک بار ہو جاتی ہے۔ اے جانے والے دل کی گہرائیوں سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے اپنی رحمت اور مغفرت کی چادر میں ڈھانپ لے۔ آمین

## اجازت لے لو

حضرت معاذؓ بن جبل حضرت ابوبکرؓ کے زمانے میں یمن کے حاکم تھے، حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کے زمانے میں پہلے سال حضرت عمرؓ کو امیر الحاج بنا کر کے بھجوایا گیا اور یمن سے حضرت معاذؓ بھی حج کرنے کیلئے تشریف لائے تو ان کے ساتھ کچھ ان کے غلام بھی تھے، حضرت عمرؓ نے پوچھ لیا کہ یہ غلام کیسے ہیں؟ حضرت معاذؓ نے عرض کیا کہ یہ مجھے ہدیہ اور تحفے میں ملے ہیں یہ میرے غلام ہیں، حضرت عمرؓ نے کہا کہ دیکھو خلیفہ وقت حضرت ابوبکرؓ کے سامنے یہ غلام پیش کر کے ان سے اجازت لے لو پھر ان غلاموں کو اپنے مصرف میں لانا۔ حضرت معاذؓ نے کہا کہ آنحضورؐ نے مجھے ہدیہ قبول کرنے کی اجازت دی تھی اور بطور ہدیہ ہی یہ غلام مجھے ملے ہیں اس لئے میں اس میں کوئی عیب نہیں سمجھتا۔ لیکن اگلے روز انہوں نے عجیب خواب دیکھی، جس کی بناء پر پھر حضرت عمرؓ سے کہا کہ میں آپؓ کی بات ماننے کیلئے تیار ہوں، رویا میں انہوں نے یہ دیکھا کہ میں پانی میں ڈوب رہا ہوں اور حضرت عمرؓ اس میں سے مجھے کھینچ رہے ہیں۔ چنانچہ حضرت عمرؓ ان کے ساتھ حضرت ابوبکرؓ کی خدمت میں پیش ہوئے اور معاذؓ نے عرض کیا کہ یہ میرے غلام ہیں جو مجھے ہدیے میں ملے ہیں۔ میں ان سے دستبردار ہوتا ہوں۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ نہیں آپ ان سے دستبردار نہیں ہو سکتے۔ آنحضرتؐ نے آپ کو ہدیہ وصول کرنے کی اجازت دی تھی اس لئے میری طرف سے بھی اجازت ہے اور اب یہ غلام آپ کے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبلؓ کا کمال تقویٰ اور خشیت تھی کہ آپ نے غلاموں کے ساتھ جا کر نماز ادا کی۔ نماز پڑھنے کے بعد ان سے پوچھا کہ بتاؤ تم کس کی نماز پڑھتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ خدا کی نماز پڑھتے ہیں آپ نے فرمایا پھر جاؤ اس اللہ کی خاطر میں تمہیں آزاد کرتا ہوں۔

(ابن سعد جلد 3 ص 585)

# 1974ء کے پُرآشوب حالات اور توکل علی اللہ

مکرمہ امۃ الشافی سیال صاحبہ

1974ء میں میری رہائش چارسدّہ کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں تھی۔ یہ گاؤں ہماری زمینوں پر آباد ہے۔ صرف اکتیس (31) گھر ہیں جن میں ایک ہمارا باقی مزارع رہتے ہیں۔ یہ گاؤں دراصل میرے سسر محترم اکرم خان درّانی صاحب کا تھا اور اسی نسبت سے ''ڈب اکرم خان'' کہلاتا تھا۔ میں اپنے گھر میں تنہا رہتی تھی۔ میرے شوہر 1968ء میں وفات پا گئے تھے اور بیٹا عزیزم محمد عالم درّانی آرمی آفیسر تھا جو تین سال انڈیا میں جنگی قیدی رہ کر واپس آیا تو کوئٹہ میں پوسٹنگ ہوگئی۔

گھر کے کاموں کی دیکھ بھال کے لئے ایک میاں بیوی ساتھ رہتے تھے۔ مخالفت کا طوفان اٹھا تو چارسدہ بھی کسی سے پیچھے نہ رہا۔ جلسے جلوس شور شرابا شروع ہو گیا۔ حضرت اقدس مسیح موعود اور جماعت کو بے نقط سنائی جاتیں اور احمدیوں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جاتیں۔ میں زیادہ تر گھر میں رہتی اس لئے حالات سے بے خبر تھی۔

ایک دن گھر سے نوکر کے ساتھ بینک جانے کے لئے نکلی۔ بینک پہنچی تو مینیجر مجھے دیکھ کر پریشان ہو گیا۔ کہنے لگا آپ کیوں آئی ہیں؟ میں نے کہا رقم لینے کے لئے۔ اس نے کہا آپ یہ ہنگامہ دیکھ رہی ہیں یہ آپ کی جماعت کے خلاف ہے۔ ابھی اتنی ہی بات ہوئی تھی کہ ایک آدمی آیا اور کہا کہ آپ کو ڈپٹی کمشنر صاحب نے بلایا ہے۔ میں تو ڈی سی صاحب کو نہیں جانتی تھی نہ کبھی ان کے دفتر گئی تھی مگر اس بلاوے پر جانا پڑا۔ ڈی سی صاحب نے کہا ''آپ ان دنوں یہاں نہ آیا کریں''۔ میں نے کہا کہ میں برقع میں آتی ہوں وہ بھی کبھی کبھار بینک آتی ہوں یا پشاور جانا ہو تو گھر سے نکلتی ہوں اور یہاں مجھے کوئی جانتا بھی نہیں۔ اس نے کہا: آپ کو سب جانتے ہیں آپ اکرم خان درّانی صاحب کی بہو ہیں۔

ان دنوں عقل سے کورے لوگ فساد پر لوگوں کو اکسانے کے لئے بکروں کی زبانوں کا ہار پرو کر بازاروں میں گھومتے اور لوگوں کو بتاتے کہ یہ ہمارے نوجوانوں کی زبانیں ہیں جو ربوہ کے ریلوے سٹیشن پر مرزائیوں نے کاٹی تھیں۔ اس قسم کی بے سروپا باتیں پھیلا کر وہ تان یہاں پر توڑتے کہ مرزائی واجب قتل ہیں۔

عوام کالانعام احمدیوں پر پل پڑے۔ کہیں سے گھر جلنے کی خبر آتی کہیں سے لٹنے کی۔ چارسدّہ میں ایک ہی احمدی گھرانہ تھا جو نقل مکانی پر مجبور ہو گیا۔ پشاور اور صوابی میں گھر لوٹے اور جلائے گئے۔ کئی احمدی شہید ہوئے۔

میرے ایک عزیز نے مجھے پیغام بھجوایا کہ میں تو ربوہ جارہا ہوں تم بھی چلو۔ فیصلہ آسان نہ تھا۔ میں نے اپنے دل کو ٹٹولا۔ جواب نفی میں تھا۔ اپنے اللہ تعالیٰ کو کیا جواب دوں گی۔ لوگ کیا کہیں گے احمدی جان کے خوف سے بھاگ گئے۔ میں نے سوچا میں بھی چلی گئی تو یہاں کوئی احمدی نہیں رہے گا۔ ایسا نہیں ہونا چاہئے۔ اس لئے میں نے اپنا جواب بھجوا دیا کہ میں تو یہیں رہوں گی۔

لوگوں کے اشتعال میں شدت آرہی تھی۔ گھر میں کام کاج کے لئے آنے والوں نے بھی حیرت انگیز طور پر آنکھیں پھیر لیں۔ رات کو جلسہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے جمع ہوتے اور شدید غیظ و غضب میں نعرے بازی کرتے۔ ہمارے خاندان کے افراد کے نام لے لے کر گالیاں دیتے۔

اس طوفان حوادث میں گھری ہوئی بندی کے لئے الٰہی حفاظت کا سامان دیکھئے۔ بغیر میری کسی درخواست کے حکومت نے میری حفاظت کے لئے ایک تھانیدار اور بیس سپاہیوں (پولیس کے آدمیوں) کو متعیّن کر دیا۔ صبح آٹھ بجے سے شام پانچ بجے تک وہ ہمارے گھر کے باہر پہرہ دیتے۔ بیس اکیس آدمیوں کو صبح پانی، چائے۔ پھر دوپہر کا کھانا اور شام کی چائے بھجوانے کے اہتمام میں ازحد مصروفیت رہتی۔ اکیلے پن کا احساس ہی نہ ہوتا۔ رات کو تھک ہار کر گہری نیند سو جاتی۔ ہاں جب گالیوں کا شور حد سے بڑھ جاتا تو نیند کھل جاتی مگر ڈر خوف نہیں تھا۔ دل دعا کی طرف مائل رہتا اور سب احمدیوں کی خیر خیریت کے لئے دعائیں کرتی۔ رات کی حفاظت کا اللہ تعالیٰ نے الگ انتظام کر دیا۔ ہماری زمینوں کے ٹھیکیدار بہت وفادار ثابت ہوئے۔ وہ رات کو تیس گھروں کے گرداگرد چکر لگاتے تاکہ ہر قسم کی نقل و حرکت سے باخبر رہیں۔ مجھے پیغام بھجوایا کہ بی بی کو کہہ دیں کہ کوئی فکر نہ کریں جو کوئی بھی آئے گا ہم نمٹ لیں گے۔ کیا یہ سب انسان کے کام تھے؟ نہیں بلکہ میرا محافظ میرا خدا تھا اور ہے۔

گاؤں کی عورتیں یہ دیکھنے کے لئے آتیں کہ بی بی کا برا حال ہوگا۔ مگر انہیں کیا علم تھا کہ بی بی کا سہارا خود خدا تعالیٰ ہے۔ ان کی باتوں میں خوف، طعنہ، طنز اور مذاق ہوتا۔ حوصلہ شکنی اور دلخراشی ہوتی مگر مجھے مولا کریم نے ہمت و حوصلہ عطا فرمایا ہوا تھا۔

کم و بیش دس بارہ دن کے بعد چارسدّہ کے ڈپٹی کمشنر صاحب ہمارے گھر آئے اور مجھے کہا کہ آپ ربوہ چلی جائیں۔ میں نے کہا کہ مخالفت کی آگ تو پورے ملک میں پھیلی ہوئی ہے کتنے لوگ ربوہ جائیں گے۔ میں یہاں سے موت سے بچ کر ربوہ جانے کا سوچوں۔ موت مقدر ہے تو وہاں بھی آجائے گی۔ موت سے فرار ہو کر کہاں جا سکتے ہیں۔

انہوں نے دوسری تجویز یہ دی کہ اپنے چچا سسر حاجی صفدر خان کے گھر چلی جائیں۔ میں نے جواب دیا کہ ان کا گھر یہاں سے صرف تین میل کے فاصلے پر ہے۔ جو جلوس یہاں آئے گا وہ یہ خبر پا کر کہ میں چچا کے گھر گئی ہوں وہاں آجائے گا اس طرح میری وجہ سے ان کو تکلیف ہوگی۔ میں ان کی تکلیف کا باعث نہیں بننا چاہتی۔ تیسری تجویز یہ دی کہ اپنے بیٹے کے پاس کوئٹہ چلی جائیں۔ کوئٹہ جانے میں مسئلہ یہ تھا کہ میرا بیٹا Mess میں رہتا تھا وہاں کسی کو رکھنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ وہ شریف النفس آدمی تھے میری باتوں میں معقولیت دیکھ کر واپس چلے گئے۔ جاتے جاتے باہر پولیس والوں کو سمجھا کر گئے کہ اکیلی عورت ہے خاص خیال رکھنا اگر کوئی مسئلہ ہوا تو انتظامیہ کی بہت بدنامی ہوگی۔

تھانیدار صاحب جو پہرے پر متعیّن تھے میری بہتری کے لئے فکرمند ہو گئے اور مجھے پیغام بھیجا کہ ''بی بی کلمہ پڑھ لیں آپ کی جان چھوٹ جائے اور ہماری بھی''۔ میں نے کہلا بھیجا کہ میں تو روز کلمہ پڑھتی ہوں تم کون سے کلمہ کی بات کرتے ہو۔

میں نے گاؤں میں بجلی لگوانے کے لئے درخواست دے رکھی تھی۔ ہمارے گاؤں سے دو میل کے فاصلے پر بجلی کی لائن تھی۔ گاؤں تک لائن لانے کے لئے مجھے بہت دوڑ دھوپ کرنی پڑی تھی کبھی پشاور جانا پڑتا کبھی نوشہرہ جاتی۔ ان دنوں مجھے محکمے کی طرف سے ایک خط ملا کہ پشاور آ کر چیف انجینئر صاحب کو صورت حال سمجھائیں۔ میں نے ڈی سی صاحب کو درخواست لکھی کہ مجھے لازماً پشاور جانا ہے۔ ان کا پیغام ملا کہ آپ مقررہ تاریخ پر جائیں میں چارسدّہ سے آگے جہاں سے پشاور کا راستہ شروع ہوتا ہے پہرہ لگوا دوں گا۔ جب میں سڑک پر آئی تو سڑک کے دونوں طرف دس دس قدم کے فاصلے پر ایک سپاہی کھڑا تھا۔

ایک دن میرے ہمسایہ سے جو میرے عزیز بھی تھے نوکر نے گیٹ پر بلا کر یہ پیغام دیا کہ کل جمعہ ہے جلوس نکلے گا اور آپ کی طرف آئے گا آپ پچھلے دروازہ سے نکل کر گنّے کے کھیت میں چھپ جانا۔ میں نے جواب دیا میں گنّے کے کھیت میں جانے کی بجائے گیٹ کھول کر کھڑی ہو جاؤں گی۔ وہ اگر مار سکتے ہیں تو ماریں۔ وہ بیچارہ میرا ہمدرد میرا جواب سن کر واپس چلا گیا۔ ایک ہمارے گھر کا پلا بڑھا لڑکا جلسوں میں بڑا پیش پیش تھا۔ اس نے ہمارے نوکر کو دھمکی دی کہ بی بی کی حفاظت سے ہاتھ اٹھا لو ورنہ تمہاری چمڑی ادھیڑ کر اس میں بھوسہ بھروا دوں گا۔ میں نے اس لڑکے کو بلوایا اور کہا: ''احمدیت میں نے قبول کی ہے۔ ہمت ہے تو میری چمڑی ادھیڑ اور اس میں بھوسہ بھروا دو''۔

اللہ تعالیٰ نے عجیب رعب عطا فرما دیا تھا۔ میری ایک ایک بات ان کی بہادری کے دعووں اور اکڑفوں کو ختم کر دیتی۔ اللہ تعالیٰ کے نوازنے کے اپنے انداز ہیں۔

اندازاً بیس دن کے بعد ستمبر کی سات تاریخ آ گئی جب ملک کے ارباب حل و عقد نے وہ فیصلہ کیا جو ہماری نہیں خود ان کی قسمت پر مہر ہو گیا۔ ممکنہ گڑبڑ کے خیال سے پہلے ہی ہمارے گھر کی چھت پر توپیں نصب کر دی گئیں۔ مجھے علم نہیں کہ کتنی توپیں تھیں۔ یہ خبریں مجھے مزارعوں سے ملتیں۔ فیصلہ آنے سے عوام کچھ ٹھنڈے ہو کر بیٹھے۔ کمشنر صاحب نے پولیس کی جگہ ملیشیا کے جوان پہرے کے لئے متعین کر دیئے۔ مجھے یہ فرق پڑا کہ یہ لوگ اپنا کھانا خود پکاتے تھے۔

حالات بہتر ہونے پر ربوہ گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا ہشاش بشاش چہرہ دیکھا ساری کوفت دور ہو گئی۔ آپ نے مسکراتے ہوئے فرمایا میں نے تمہارے ایک عزیز سے تمہاری خیریت دریافت کی تو انہوں نے کہا کہ میں نے تو شافی کو چلنے کو کہا تھا مگر وہ بہت ضدی ہے جگہ نہیں چھوڑی۔ حضور کا شفیق چہرہ، دلنشین مسکراہٹ اور حوصلہ بڑھاتا ہوا بات کا انداز میں کبھی نہیں بھولوں گی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرماتا چلا جائے۔ آمین

## سالم اناج و سالم آٹے اور روٹی کے فائدے

☆ سالم اناج و سالم آٹا اور روٹی کثیر مقدار میں ریشہ دار مادے رکھتے ہیں۔ جو صحت کے لئے مفید ہیں۔
☆ سالم اناج و آٹا ہاضمے میں معاون ہیں۔
☆ یہ کولیسٹرول کو کم کرنے میں معاون ہیں۔
☆ یہ وزن کو کم کرتے ہیں۔
☆ یہ چربی کو تحلیل کرنے میں معاون ہیں۔
☆ یہ مصفّی اناج و آٹے کی نسبت زیادہ شکم سیری کا احساس بہم پہنچاتے ہیں۔ لہٰذا وزن میں کمی واقع ہوتی ہے۔
☆ یہ بلڈ شوگر کو متوازن رکھنے ہیں ممد و معاون ہیں۔
☆ بعض اناج کیلشیم بھی بہم پہنچاتے ہیں۔
☆ بعض اناج وٹامن (سی) بہم پہنچاتے ہیں۔
☆ یہ وٹامن (بی) کا اچھا خزانہ ہیں۔
☆ یہ جسم کو ضروری معدنیات مہیا کرتے ہیں۔
☆ یہ دمہ کے خطرہ کو کم کرتے ہیں۔
☆ یہ کینسر کے خطرات کو کم کرتے ہیں۔
☆ یہ ہمارے دانتوں اور مسوڑھوں کی حفاظت کرتے اور مضبوط بناتے ہیں۔
☆ یہ صحت مند و طویل عمر کا باعث بنتے ہیں۔
☆ یہ جسمانی پرورش بہترین طور پر کرتے ہیں۔
☆ قبض کو نابود کرتے اور انتڑیوں کی حرکات کو باقاعدہ رکھتے ہیں۔
☆ جملہ امراض قلب کے خطرات کو کم کرتے ہیں۔
☆ ذہنی و دماغی حالت کو چست و توانا رکھتے ہیں۔

مکرم دانیال احمد طاہر صاحب

# میرے دادا مکرم چوہدری فضل احمد صاحب درویش قادیان

میرے دادا جان مکرم چوہدری فضل احمد درویش ابن حضرت میاں احمدالدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود ابن حضرت محمد حیات صاحب رفیق حضرت مسیح موعود جو قادیان کے 313 درویشوں میں سے تھے مورخہ 11 جنوری 2015ء بعمر 90 برس اس دارِفانی سے رحلت فرما گئے۔

1942ء میں حضرت مرزا شریف احمد صاحب حضرت مصلح موعود کے حکم پر چوکنانوالی ضلع گجرات پنجاب تشریف لائے اور اپنے آنے کی غرض بیان کی کہ حضور کا حکم ہے کہ جماعت میں سے مضبوط جسم کے مخلص نوجوانوں کا چناؤ کرکے فوج میں ایک معقول تعداد بھرتی کے لئے پیش کی جائے جو آئندہ درپیش ملکی اور جماعتی نامساعد حالات کا سامنا کرنے کیلئے ہر دم تیار ہوں۔اس تحریک پر جہاں اور نوجوانوں نے لبیک کہا وہیں میرے دادا جان مکرم چوہدری فضل احمد صاحب درویش نے بھی اثباتاً جواب دیا اور تیار ہو گئے۔

1942ء تا1946ء آپ نے حب الوطنی اور دینی جذبہ سے بھرپور خدمات بجالائیں اس کا ثبوت برٹش حکومت کے اعزازات اور میڈل ہیں جن میں سروس میڈل اور وار میڈل قابلِ ذکر ہیں۔

آپ کی زندگی کا ایک نیا دور جو حقیقت میں اصل دور کہلاتا ہے اس کی ابتداء مرکز کی طرف سے جماعت چوکنانوالی ضلع گجرات کو ہونے والی ہدایت تھی کہ خدام سیالکوٹ جاکر حضرت بابو قاسم الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کو حاضری دیں۔اس حکم کی تعمیل میں آپ اور آپ کے ایک دوست مرزا محمد دین صاحب درویش سیالکوٹ نے کبوتراں والی بیت الذکر پہنچ کر حضرت بابو قاسم الدین سے ملاقات کی اور چند ایام آپ کی درخواست پر مختلف جماعتی مقامات پر ڈیوٹیاں دیتے رہے۔جن میں بیت المبارک بھی شامل ہیں۔اس مقدس جگہ اور رہائش کے دنوں کو آپ ہمیشہ یاد کرتے رہے۔جس کو حضرت مسیح موعود نے اپنے وجود اطہر سے برکت بخشی تھی۔

حضرت مصلح موعود کا ارشاد دوبارہ چوکنانوالی جماعت کے ریٹائر فوجی نوجوانوں کے نام پہنچا کہ وہ قادیان کی حفاظت کیلئے قادیان حاضر ہوجائیں۔ جب یہ ہدایت چوکنانوالی ضلع گجرات میں پہنچی تو آپ جو ہر دم تیار تھے اپنے والد صاحب کی اجازت اور دعاؤں سے بخوشی قادیان روانہ ہوگئے۔اور قادیان دارالامان میں آپ کا زمانہ درویشی پانچ سال 1947-1951ء رہا۔اس بابرکت دور میں آپ نے اس مقدس بستی کے مقدس مقامات پر



مکرم چوہدری فضل احمد صاحب درویش قادیان

ڈیوٹیاں دیں جو آپ کے لئے اور آپ کی نسلوں کے لئے ایک ہمیشہ رہنے والا اعزاز رہے گا۔

علاوہ اس کے آپ کو اللہ تعالیٰ نے خوش الحانی اور بلند آواز سے نوازا تھا جس کی بدولت آپ کو اعزازی طور پر منارۃ المسیح سے ایک لمبا عرصہ تک ندا دینے کی توفیق ملی ۔آپ کی حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے بھی تعریف فرمائی ۔آپ کو اس تاریخی وقارعمل میں بھی شامل ہونے کی توفیق ملی جو چار دیواری بہشتی مقبرہ کے نام سے موسوم ہے۔آپ فرماتے تھے کہ اس کام کے دوران ہاتھ کام میں مصروف اور دل خدا کے حضور دعاؤں اور تسبیح وتحمید میں کھوئے رہتا تھا۔علاوہ اس کے آپ کو محمد یامین تاجر کتب آف قادیان کے مکتبہ میں ایک عرصہ تک کام کی توفیق ملی۔

